© rasailojaraid.com

اہمیت کا چرچا ہو رہا ہے۔ ایسے بچوں کی تعداد زیادہ ہے جو یا تو سرے سے تعلیم گاہوں کا رخ ہی نہیں کرتے یا ابتدائی وثانوی مرحلہ میں پہنچ کر تعلیمی سلسلہ کو منقطع کر کے گھر بیٹھ جاتے ہیں۔ جیسا کہ سچر کمیٹی نے اعداد وشمار کے ذریعے اس کو یوں عیاں کر دیا ہے کہ اس سے کسی ذی ہوش کو انکار نہیں ہو سکتا۔ اگر یہ ہمدردانِ ملت، قوم کے ایسے بچوں کو حصولِ تعلیم کی جانب متوجہ اور راغب کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو یہ قوم کی ایک عظیم خدمت ہوگی اور خود ان کے نقطہ نظر کے مطابق (ان قدیم دینی درسگاہوں کو ان کے موضوع ومنہج سے ہٹا کر) جو مقاصد وفوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اس صورت میں ملت کے ایک بڑے حصہ کو ذہنی وعملی انتشار میں مبتلا کیے بغیر کئی گنا زائد فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں، اور اگر اس تگ ودو اور تقریر وتحریر کا مقصد مدارس دینیہ کے خلاف محض پروپیگنڈہ اور قدیم وجدید کے پرانے اور کسی حد تک مردہ مسئلے کو پھر سے زندہ کرنا ہے تو ہمارے ان دانشوروں کو یہ بھولنا نہیں چاہیے، کہ اربابِ مدارس اس بارے میں تہی دامن نہیں ہیں، ان کے منہ میں بھی زبان اور ہاتھ میں قلم ہے اور محض بلند وبانگ دعووں اور سخن طرازیوں کے بجائے ان کی پشت پر علمی، دینی اور معاشرتی اصلاح وخدمات کی ایک مضبوط ومستحکم تاریخ ہے، لیکن اس مسئلہ میں الجھ کر انتشار پذیر ملت کو مزید انتشار میں مبتلا کرنا کسی طرح بھی مناسب نہیں اس سلسلے میں ہمارا نظریہ تو بس یہ ہے......

لوگ سمجھیں ہمیں محروم وقار و تمکیں
وہ نہ سمجھیں کہ مری بزم کے قابل نہ رہا

☆......☆......☆


## صدائے وفاق

### تعارف کے چند جملے مرتب کے قلم سے

''صدائے وفاق'' حضرت شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم کے ان مضامین کا مجموعہ ہے جو وقتاً فوقتاً ماہنامہ وفاق المدارس میں چھپتے رہتے ہیں۔ یہ مضامین چند سال قبل اس ناکارہ نے مرتب کر کے کتابی صورت میں شائع کیے تھے جس کے ایک سے زائد ایڈیشن نکلے اس کے بعد بھی کئی دیگر اہم مضامین لکھے گئے اور ماہنامہ وفاق میں چھپے اس لئے احقر نے ان تمام مضامین کو نئے سرے سے اس ایڈیشن میں مرتب کیا چوں کہ یہ مضامین ایک فعال تعلیمی بورڈ کے ترجمان رسالے کے اداریے کیلئے لکھے گئے ہیں اس لیے ان میں اکثر مضامین 'مدارس اور تعلیم وتربیت سے متعلق ہیں اور نہ صرف طلبہ اور علماء کیلئے مفید ہیں بلکہ عام لوگ بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اس نئے ایڈیشن میں وفاق المدارس کی پالیسی سے متعلق بڑے اہم مضامین آ گئے ہیں' سانحہ لال مسجد کے بعد وفاق المدارس کے موقف اور کردار سے متعلق مضامین بھی شامل ہیں اور توہین رسالت کے قانون سے متعلق ایک اہم مضمون بھی ہے جو سینکڑوں صفحات کا حاصل ہے' جسے کئی اداروں نے کتابی صورت میں شائع کر کے تقسیم کیا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے قبولیت عطا فرمائے اور جس مقصد کیلئے یہ مضامین لکھے گئے ہیں اس کتاب کو اس کے پورا ہونے کا ذریعہ بنائے۔

ابن الحسن عباسی

مکتبہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی نمبر 4 کراچی




© rasailojaraid.com